© rasailojaraid.com

## جامعہ علوم اثریہ جہلم کی 32 ویں سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف و جلسہ تقسیم اسناد

6 نومبر بروز جمعۃ المبارک جامعہ علوم اثریہ جہلم میں 32 ویں سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف اور سالانہ جلسہ تقسیم اسناد بڑے تزک و احتشام کے ساتھ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان منعقد ہوا۔ پروگرام کا آغاز ٹھیک 12:30 بجے خطبہ جمعہ سے ہوا۔ خطبہ جمعہ حافظ ذاکر الرحمٰن صدیقی صاحب صدر اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان نے ارشاد فرمایا۔ نمازِ جمعہ کے بعد صحیح بخاری شریف کی آخری حدیث پر مولانا سیف اللہ صاحب شیخ الحدیث جامعہ علوم اثریہ نے مدلل درس دیا۔ بعد نماز عصر 3:45 بجے شیخ الحدیث مولانا قاری محمد سعید کلیروی آف گوجرانوالہ نے سیرت امام بخاری کے موضوع پر نہایت جامع اور پُر تاثیر گفتگو کی۔ نماز مغرب سے عشاء تک مہمانوں کیلئے ضیافت کا اہتمام تھا۔ بعد نماز عشاء سالانہ جلسہ تقسیم اسناد کا آغاز قاری عبدالقدیر صاحب مدرس اثریہ ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول کی تلاوت سے ہوا۔ حافظ عبدالوہاب مدنی بن علامہ محمد مدنی ؒ نے حمد و نعت پیش کی۔ نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) نے جامعہ کی کارکردگی بیان کی اور سند فراغت حاصل کرنے والے طلبہ کا اعلان کیا۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر اور مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق اور سید سبطین شاہ نقوی نے طلبہ میں اسناد اور انعامات تقسیم کیے۔ جلسہ سے مولانا محمد نواز چیمہ صاحب اور مناظر اسلام حضرت مولانا سید سبطین شاہ نقوی صاحب نے مفصل خطاب کیا۔ اس پروگرام میں سابقہ روایات کے مطابق ضلع جہلم، گجرات، منڈی بہاؤالدین، چکوال، گوجرخان اور آزاد کشمیر سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## الشیخ حماد بن عبدالقادر حبیب اللہ السندی کی جامعہ میں آمد

گزشتہ دنوں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کے خالہ زاد بھائی الشیخ حماد بن عبدالقادر حبیب اللہ السندی سعودی عرب سے پاکستان تشریف لائے۔ نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی نے ائیر پورٹ پر استقبال کیا پھر جہلم کی طرف عازم سفر ہوئے معزز مہمان نے سفر کے دوران جامعہ علوم اثریہ، جامعہ اثریہ للبنات اور چند مساجد کا دورہ کیا۔ 18 نومبر بروز بدھ بعد نماز عصر جامعہ میں ان کے اعزاز میں ایک تقریب منعقد ہوئی، جامعہ پہنچنے پر نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی اور جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ نے گیٹ پر ان کا



© rasailojaraid.com